Maulana Azad National Urdu University

Department of Economics

PG Programme

II Semester Examination, April/May 2024

Course Code: **MAEC201DST**

Subject: **Labour Economics**

Total Marks: 70 | Time: 3 Hours

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے : حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم -ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے -

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/خالی جگہوں پر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں ہر سوال کا جواب لازمی ہے ہر سوال کے لیے 1 نمبر ہے (10x1=10 marks)

2. **حصہ دوم** میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں (5x6=30 marks)

3. **حصہ سوم** میں 5 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (500) لفظوں پر مشتمل۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں (3x10=30 marks)

حصہ اول

.1

I. بین الاقوامی مزدور تنظیم کا قیام کب عمل میں آیا؟

A. 1919

B. 1920

C. 1918

D. 1921

II. گزارہ اجرت نظریہ کے مطابق گزارہ اجرت کسے کہتے ہیں؟

A. جو مزدور کی بنیادی ضروریات کو مکمل کر سکے۔

B. جو مزدور کی بنیادی ضروریات کے ساتھ ساتھ اس کی خواہشات کو مکمل کرے۔

C. دونوں بھی

D. ان میں سے کوئی نہیں

III. مزدور بازار میں بنیادی طور پر کس کے درمیان میں بات چیت ہوتی ہے؟

A. آجروں کے درمیان

B. مزدورں کے درمیان

C. آجروں اور مزدوروں کے درمیان

D. ان میں سے کوئی نہیں

IV. ـــــــ اور ـــــــــ ترقی پذیر معیشتوں کے دو اہم اور بنیادی مسائل ہیں۔

A. افراط زر اور غربت

B. بے روزگاری اور غربت

C. افراط زر اور بے روزگاری

D. ان میں سے کوئی نہیں

V. مندرجہ ذیل میں سے روزگاری کی پیائش کا سب سے جامع (Comprehensive) طریقہ کسے مانا جاتا ہے۔؟

A. سالانہ بے روزگاری(Usual Status of Unemployment)

B. ہفتہ واری بے روزگاری(Weekly Status of Unemployment)

C. یومیہ بے روزگاری(Daily Status of Unemployment)

D. ان میں سے کوئی نہیں

VI. ایک دیہات کی کل آبادی 25000 ہے، جس میں افرادی قوت کے حامل افراد کی تعداد 20000 ہے اور بے روزگار لوگوں کی تعداد 2000 ہے۔ تو اس دیہات کی بے روزگاری کی شرح کیا ہو گی؟

A. 10

B. 10.5

C. 11

D. 11.5

VII. مندرجہ ذیل میں سے کون سا طریقہ صنعتی تنازعات کے تصفیہ کا طریقہ کار(Settlement mechanism) کی مثال ہے؟

A. انتظامیہ میں کارکنوں کی شرکت(Workers Participation in Management)

B. مزدور عدالت(Labour Court)

C. اجتماعی سودے بازی(Collective Bargaining)

D. شکایات کا طریقہ کار(Grievance Procedure)

VIII. مندرجہ ذیل میں سے کون سا قانون صنعتی تعلقات(Industrial Relations)کے متعلق ہے؟

A. کم از کم اجرت قانون(Minimum Wages Act) 1948

B. مساوی معاوضہ قانون (Equal Remuneration Act) 1976

C. صنعتی تنازعات قانون(Industrial Dispute Act) 1947

D. دیے گئے سبھی

IX. --------------- سماجی تحفظ(Social Security)کی مثال ہے

A. طبّی دیکھ بھال(Medical care)

B. بیماری بھتہ(Sickness benefits)

C. بے روزگاری بھتہ(Unemployment benefits)

D. مندرجہ بالا سبھی

X. مندرجہ ذیل میں سے ہندوستان کی سب سے بڑی مزدور انجمن کا نام بتائیں۔

A. ہند مزدور سبھا

B. آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس

C. بھارتیہ مزدور سنگھ

D. انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس

حصہ دوم

2. صنعتی تنازعات کی مختلف صورتوں(Forms) کو لکھئے۔

3. خواتین مزدور کے مسائل پر نوٹ لکھئے۔

4. مزدور انجمن کے مقاصد کو بیان کیجئے۔

5. کم از کم اجرت پر نوٹ لکھئے۔

6. شہری بے روزگاری کی قسموں کو بیان کیجیے۔

7. سماجی تحفظ پر مختصر انوٹ لکھیے۔

8. اجرت پونجی کا نظریہ (Wage Fund Theory) کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

9. غربت پر نوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

10. قومی اجرت پالیسی کو واضح کرتے ہوئے اس کے مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

11. تعلیمی بے روزگاری کیا ہوتی ہے؟ اس کے وجوہات اور اثرات کو واضح کیجیے؟

12. صنعتی تنازعات کو مع مثال واضح کرتے ہوے اسکے وجوہات پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

13. اجرت کے جدید نظریہ کو واضح کیجئے۔

14. سماجی امداد اور سماجی انشورنس کے تصورات کو واضح کرتے ہوئے ان کے درمیان فرق کو واضح کیجئے۔